رول نمبر_____(امیدوار خود لکھے)

S.S.C(9th)1st Annual 2024

اُردو (لازمی) | گروپ:دوسرا | پرچہ:I | انشائی | نمبر:60 | وقت:2:10 گھنٹے

حصّہ دوم

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے (تین اشعار حصّہ نظم اور دو اشعار حصّہ غزل سے) 6=2x3

(حصّہ نظم)

i. محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

ii. ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

iii. تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حرمت یہی آبرو ہے

iv. بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(حصّہ غزل) 4=2x2

i. میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اسی خانہ خراب کی سی ہے

ii. برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

iii. ان حسرتوں سے کہ دو کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

حصّہ سوم

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے : 10=2x5

(الف) اگر ہم کو قوائے قلبی اور قوتِ عقلی کے کام میں لانے کا موقع نہیں ہے، تو ہم کو اس کی فکر اور کوشش چاہیئے کہ وہ موقع کیوں کر حاصل ہو۔ اگر اُس کے حاصل کرنے میں ہمارا کچھ قصور ہے، تو اس کی فکر اور کوشش چاہیئے کہ وہ قصور کیوں کر رفع ہو۔ غرض کہ کسی شخص کے دل کو بے کار پڑا رہنا نہ چاہیئے، کسی نہ کسی بات کی فکر و کوشش میں مصروف رہنا لازم ہے۔

(ب) ہمارے نزدیک دیہاتی ہونا یا سمجھا جانا ایسی ناقابل برداشت قباحت نہ تھی، چنانچہ ہم نے ہنسی ہنسی میں دیہاتی پن کے فضائل بیان کرنا شروع کیے اور اس بلاغت کے ساتھ کہ سلیم اور علی بخش دونوں مسکرا دیے اور باہم راضی ہو گئے۔ باتوں باتوں میں ہم انھیں ایک دیہاتی کا قصہ سنانے لگے۔

(ورق الٹیے)

4- درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ اجزا کے مختصر جوابات دیجئے: 10

i- بیرنگ خط سے کیا مراد ہے؟

ii انسان کب حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے؟

iii- الگو چودھری نے سمجھو سیٹھ کو بیل کیوں فروخت کیا؟

iv لالے کے بے داغ اور گُل کے بے خار ہونے سے کیا مراد ہے؟

v- "اُس کا دل پتھر کی طرح سخت ہے"، اس میں مشبہ اور مشبہ بہ، کی نشاندہی کیجئے۔

vi بہادر شاہ ظفر نے اپنی کس بدنصیبی کا ذکر کیا ہے؟

vii- ماسٹر جی کو چائے کیسے پیش کی گئی؟

viii بُلبُل بہت سے موسیقاروں سے کیوں بہتر ہے؟

5- درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

(i) ہجرتِ نبوی خاتم النبیین ﷺ (ii) امتحان

6- نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا خلاصہ / مرکزی خیال لکھئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ 5=1+4

7- ڈاکیے کی شکایت کے لیے پوسٹ ماسٹر کو درخواست لکھئے۔ **یا** 10

اپنے چچا کے نام خط لکھئے جس میں اپنی چچی کی مزاج پرسی کیجئے اور بیماری پر تشویش کا اظہار کیجئے۔

8- "اتفاق میں برکت ہے" کے عنوان پر ایک کہانی لکھئے۔ **یا** 5

امتحان کی تیاری کے سلسلے میں دو ہم جماعتوں کے درمیان مکالمہ لکھئے۔

9- درج ذیل جملوں کی دُرستی کیجئے۔ 5

i- غالب کا طوطا بولتا ہے۔

ii- چار کتابیں، تین کاپیاں، ایک قلم گم ہو گئے۔

iii- طبیعت نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔

iv- ہم نے میلہ کو دیکھا۔

v- علی، حسن اور دانیال آیا۔

یا درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجئے۔

i- بات کھٹائی میں_____

ii- باسی کڑھی میں_____

iii- آپ آئے_____

iv- زبان خلق کو_____

v- جتنی چادر دیکھو_____

08-124-1A-50000

www.ilmkidunya.com